بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

اسباق قرآن کورس

(قرآن کی 17 چھوٹی چھوٹی، مگر جامع سورتیں بچوں کے حفظ کے لئے)

مرتب

ڈاکٹر نور الحسین قاضی

CRIS

Shahpur, Karnataka, India

www.cris.co.nf

دیباچہ

الْحَمْدُ لِلّٰهِ وَ سَلٰمٌ عَلٰى عِبَادِهِ الَّذِيْنَ اصْطَفٰى

اس کورس کا مقصد یہ ہے کہ صلوۃ میں اکثروہ بیشتر پڑھی جانے والی قرآن کی 17 چھوٹی چھوٹی، مگر جامع سورتیں بچوں کے حفظ کے لئے اس انداز سے مرتب کی جائیں کہ بچے ان کا معنٰی و مفہوم سمجھتے ہوئے ان میں موجود چھوٹے چھوٹے اسباق کو یاد کریں۔

اس کورس کے دوران اساتذہ بچوں کے تلفظ کی اصلاح کریں اور ان کا معنٰی و مفہوم سمجھنے میں مدد کریں۔ اس کو ایک ماہ کا کورس رکھا جا سکتا ہے۔یہ سمر کورس میں، دعوۃ سینٹر، مکتبہ، اردو اسکول یا گھر میں بچوں کے لئے بہت ہی عمدہ ہے۔

اللہ اس چھوٹی سی کوشش کو قبول فرمائے اور اس کتاب کے مرتب، اور جو کوئی شائع کرے ان کے لئے اور پڑھنے پڑھانے والوں کے لئے ذریعہء مغفرت بنائے، آمین۔

ڈاکٹر نورالحسین قاضی

ڈائریکٹر، کِرِس، کرناٹک، الہند

www.cris.co.nf

شاہ پور .25/03/2016

سبق 1: سورۃ الفاتحہ

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ ①	اللہ کے نام سے شروع جو بڑا مہربان نہایت رحم کرنے والا ہے
اَلۡحَمۡدُ لِلّٰهِ رَبِّ الۡعٰلَمِيۡنَ ②	تعریف اللہ کے لئے ہے جو رب (پالنہار) ہے سب جہانوں کا
الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ ③	بڑا مہربان، نہایت رحم کرنے والا ہے
مٰلِكِ يَوۡمِ الدِّيۡنِ ④	مالک ہے جزا کے دن کا
اِيَّاكَ نَعۡبُدُ وَ اِيَّاكَ نَسۡتَعِيۡنُ ⑤	(یااللہ! ہمارا تجھ سے یہ عہد ہے کہ) تیری ہی ہم عبادت کرتے ہیں اور تجھ ہی سے ہم مدد مانگتے ہیں۔
اِهۡدِنَا الصِّرَاطَ الۡمُسۡتَقِيۡمَ ⑥	چلا ہمیں سیدھا راستہ،
صِرَاطَ الَّذِيۡنَ اَنۡعَمۡتَ عَلَيۡهِمۡ ۙ غَيۡرِ الۡمَغۡضُوۡبِ عَلَيۡهِمۡ وَلَا الضَّآلِّيۡنَ ⑦	راستہ ان لوگوں کا جن پر تو نے انعام کیا، نہ کہ ان کا جو غصہ کئے گئے اور نہ ہی گمراہوں کا۔

بچوں! اس سورۃ اوراس کے معنٰی کو حفظ کرو اور معنٰی میں خوب غور و فکر کرو
اور اپنے الفاظ میں مندرجہ ذیل سوالات کے جوابات لکھو:

1) اس سورہ میں اللہ کے بارے میں کیا کہا گیا ہے؟

2) اس سورہ میں تم نے اللہ سے کیا عہد کیا؟

3) اس سورہ سے تم نے کیا سبق حاصل کیا؟

سبق 2: سورۃ العصر

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ	اللہ کے نام سے شروع جو بڑا مہربان نہایت رحم کرنے والا ہے۔
وَالۡعَصۡرِ ۙ﴿۱﴾	قسم ہے زمانے کی (زمانہ گواہ ہے)۔
اِنَّ الۡاِنۡسَانَ لَفِیۡ خُسۡرٍ ۙ﴿۲﴾	بلاشبہ انسان خسارے میں ہے
اِلَّا الَّذِیۡنَ اٰمَنُوۡا وَ عَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ وَ تَوَاصَوۡا بِالۡحَقِّ ۬ۙ وَ تَوَاصَوۡا بِالصَّبۡرِ ﴿۳﴾	سوائے ان لوگوں کے جو ایمان لائے، نیک عمل کئے اور آپس میں حق کی تلقین کی اور صبر کی تلقین کی

بچوں! اس سورہ اور اس کے معنیٰ کو حفظ کرو اور معنیٰ میں خوب غور و فکر کرو اور اپنے الفاظ میں مندرجہ ذیل سوال کا جواب لکھو:

1) اس سورہ سے تم نے کیا سبق حاصل کیا؟

سبق 3: سورۃالکوثر

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ	اللہ کے نام سے شروع جو بڑا مہربان، نہایت رحم کرنے والا ہے
اِنَّاۤ اَعۡطَیۡنٰکَ الۡکَوۡثَرَ ؕ﴿۱﴾	(اے نبی ﷺ) ہم نے آپ کو کوثر (حوض) عطاء کیا۔
فَصَلِّ لِرَبِّکَ وَ انۡحَرۡ ؕ﴿۲﴾	تو اپنے رب کے لئے صلوۃ پڑھو اور قربانی دو۔
اِنَّ شَانِئَکَ ہُوَ الۡاَبۡتَرُ ٪﴿۳﴾	بلاشبہ آپ کا دشمن ہی ابتر ہے۔

بچوں! اس سورہ اور اس کے معنٰی کو حفظ کرو اور معنٰی میں خوب غور و فکر کرو اور اپنے الفاظ میں مندرجہ ذیل سوالات کے جوابات لکھو:

1) اللہ نے اپنے نبی ﷺ کو کیا عطاء کیا؟

2) صلوۃ اور قربانی کس کے لئے ادا کی جانی چاہئے ؟

3) نبی ﷺ کا دشمن کیا ہے؟

سبق 4: سورۃ النصر

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ	اللہ کے نام سے شروع جو بڑا مہربان، نہایت رحم کرنے والا ہے
اِذَا جَآءَ نَصۡرُ اللّٰہِ وَ الۡفَتۡحُ ۙ﴿۱﴾	جب اللہ کی مدد اور فتح آ جائے
وَ رَاَیۡتَ النَّاسَ یَدۡخُلُوۡنَ فِیۡ دِیۡنِ اللّٰہِ اَفۡوَاجًا ۙ﴿۲﴾	اور آپ دیکھیں گے کہ لوگ داخل ہوں گے اللہ کے دین میں فوج در فوج
فَسَبِّحۡ بِحَمۡدِ رَبِّکَ وَ اسۡتَغۡفِرۡہُ ؕؔ اِنَّہٗ کَانَ تَوَّابًا ﴿۳﴾	تو آپ تسبیح کیجئے اپنے رب کی حمد کے ساتھ اور اس سے استغفار کیجئے۔ بلاشبہ وہ توبہ بہت قبول کرنے والا ہے۔

بچوں! اس سورہ اور اس کے معنٰی کو حفظ کرو اور معنٰی میں خوب غور و فکر کرو اور اپنے الفاظ میں مندرجہ ذیل سوالات کے جوابات لکھو:

1) اس سورہ میں اللہ نے کس بات کی خبر دی؟

2) اس سورہ میں اللہ نے کن باتوں کا حکم دیا؟

سبق 5: سورۃ قریش

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ	اللہ کے نام سے شروع جو بڑا مہربان، نہایت رحم کرنے والا ہے۔
لِاِيْلٰفِ قُرَيْشٍ ﴿۱﴾	چونکہ قریش مانوس ہوئے،
اٖلٰفِهِمْ رِحْلَةَ الشِّتَآءِ وَ الصَّيْفِ ﴿۲﴾	(یعنی) جاڑے اور گرمی کے سفروں سے مانوس،
فَلْيَعْبُدُوْا رَبَّ هٰذَا الْبَيْتِ ﴿۳﴾	تو انہیں چاہیے کہ اس گھر کے ربّ کی عبادت کریں
الَّذِيْٓ اَطْعَمَهُمْ مِّنْ جُوْعٍ ۙ وَّ اٰمَنَهُمْ مِّنْ خَوْفٍ ﴿۴﴾	جس نے اِنہیں بھوک (قحط) سے بچا کر کھانے کو دیا اور خوف سے بچا کر امن عطا کیا۔

بچوں! اس سورہ اور اس کے معنٰی کو حفظ کرو اور معنٰی میں خوب غور و فکر کرو اور اپنے الفاظ میں مندرجہ ذیل سوالات کے جوابات لکھو:

1) انسان کی کھانے کی چیزیں کون پیدا کرتا ہے؟ اور انسان کو امن کون بخشتا ہے؟

2) تو ہمیں شکریہ میں کیا کرنا چاہئے؟

سبق 6: سورۃ الاخلاص

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ	اللہ کے نام سے شروع جو بڑا مہربان، نہایت رحم کرنے والا ہے۔
قُلۡ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ ۚ﴿۱﴾	کہو، ! وہ اللہ ہے، یکتا۔
اَللّٰهُ الصَّمَدُ ۚ﴿۲﴾	اللہ سب سے بے نیاز ہے۔
لَمۡ يَلِدۡ ۙ وَلَمۡ يُوۡلَدۡ ۙ﴿۳﴾	نہ اس کی کوئی اولاد ہے اور نہ وہ کسی کی اولاد۔
وَلَمۡ يَكُنۡ لَّهٗ كُفُوًا اَحَدٌ ﴿۴﴾	اور کوئی اس کا ہمسر نہیں ہے۔

بچوں! اس سورہ اور اس کے معنٰی کو حفظ کرو اور معنٰی میں خوب غور و فکر کرو اور اپنے الفاظ میں مندرجہ ذیل سوالات کے جوابات لکھو:

1) اس سورہ میں اللہ کے کون کون سے صفات بیان کئے گئے ہیں؟

سبق 7: سورۃ الفلق

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ	اللہ کے نام سے شروع جو بڑا مہربان، نہایت رحم کرنے والا ہے۔
قُلۡ اَعُوۡذُ بِرَبِّ الۡفَلَقِ ۙ﴿۱﴾	کہو میں پناہ مانگتا ہوں صبح کے ربّ کی
مِنۡ شَرِّ مَا خَلَقَ ۙ﴿۲﴾	ہر اُس چیز کے شر سے جو اُس نے پیدا کی ہے،
وَ مِنۡ شَرِّ غَاسِقٍ اِذَا وَقَبَ ۙ﴿۳﴾	اور رات کی تاریکی کے شر سے جبکہ وہ چھا جائے
وَ مِنۡ شَرِّ النَّفّٰثٰتِ فِی الۡعُقَدِ ۙ﴿۴﴾	اور گانٹھوں میں پھونکنے والوں (یا والیوں) کے شر سے،
وَ مِنۡ شَرِّ حَاسِدٍ اِذَا حَسَدَ ﴿۵﴾	اور حاسد کے شر سے جب کہ وہ حسد کرے۔

بچوں! اس سورہ اور اس کے معنٰی کو حفظ کرو اور معنٰی میں خوب غور و فکر کرو اور اپنے الفاظ میں مندرجہ ذیل سوالات کے جوابات لکھو:

1) مشکلات اور بلاؤں، فتنہ وفساد سے ہمیں کس کی پناہ میں جانا چاہیئے ؟

2) اس سورہ میں کن کن باتوں سے پناہ مانگی گئی ہے ؟

سبق 8: سورۃ الناس

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ	اللہ کے نام سے شروع جو بڑا مہربان، نہایت رحم کرنے والا ہے۔
قُلۡ اَعُوۡذُ بِرَبِّ النَّاسِ ۙ﴿۱﴾	کہو، میں پناہ مانگتا ہوں انسانوں کے رب کی
مَلِکِ النَّاسِ ۙ﴿۲﴾	انسانوں کے بادشاہ کی
اِلٰہِ النَّاسِ ۙ﴿۳﴾	انسانوں کے حقیقی معبود کی
مِنۡ شَرِّ الۡوَسۡوَاسِ ۬ۙ الۡخَنَّاسِ ۪ۙ﴿۴﴾	اُس وسوسہ ڈالنے والے کے شر سے جو بار بار پلٹ کر آتا ہے،
الَّذِیۡ یُوَسۡوِسُ فِیۡ صُدُوۡرِ النَّاسِ ۙ﴿۵﴾	جو انسانوں کے دلوں میں وسوسے ڈالتا ہے،
مِنَ الۡجِنَّۃِ وَ النَّاسِ ٪﴿۶﴾	خواہ جنوں میں سے ہو یا اِنسانوں میں سے

بچوں! اس سورہ اور اس کے معنیٰ کو حفظ کرو اور معنیٰ میں خوب غور و فکر کرو اور اپنے الفاظ میں مندرجہ ذیل سوالات کے جوابات لکھو:

1) اس سورہ میں اللہ کے کون کون سے نام آئے ہیں اور ان کے معانی کیا ہیں؟

2) اس سورہ میں کن کن چیزوں سے پناہ پکڑی گئی ہے؟

سبق 9: سورۃ القدر

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ	اللہ کے نام سے شروع جو بڑا مہربان، نہایت رحم کرنے والا ہے۔
اِنَّاۤ اَنۡزَلۡنٰہُ فِیۡ لَیۡلَۃِ الۡقَدۡرِ ۚ﴿۱﴾	(یقینا) ہم نے اس (قرآن کریم) کو شب قدر میں نازل کیا۔

وَمَآ اَدۡرٰىكَ مَا لَيۡلَةُ الۡقَدۡرِ ؕ﴿۲﴾	اور تم کیا جانو کہ شبِ قدر کیا ہے؟
لَيۡلَةُ الۡقَدۡرِ ۙ خَيۡرٌ مِّنۡ اَلۡفِ شَهۡرٍ ؕ﴿۳﴾	شبِ قدر ہزار مہینوں سے زیادہ بہتر ہے۔
تَنَزَّلُ الۡمَلٰٓـئِكَةُ وَالرُّوۡحُ فِيۡهَا بِاِذۡنِ رَبِّهِمۡ ۚ مِنۡ كُلِّ اَمۡرٍ ۛۙ﴿۴﴾	فرشتے اور روح اُس میں اپنے رب کے اِذن سے ہر حکم لے کر اُترتے ہیں۔
سَلٰمٌ ۛ هِىَ حَتّٰى مَطۡلَعِ الۡفَجۡرِ ﴿۵﴾	وہ رات سراسر سلامتی ہے طلوعِ فجر تک۔

بچوں! اس سورہ اور اس کے معنٰی کو حفظ کرو اور معنٰی میں خوب غور و فکر کرو اور اپنے الفاظ میں مندرجہ ذیل سوالات کے جوابات لکھو:

1) اللہ نے قرآن کریم کو کب نازل فرمایا؟

2) شب قدر کتنے سال سے بہتر ہے؟

سبق10: سورۃالماعون

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ	اللہ کے نام سے شروع جو بڑا مہربان، نہایت رحم کرنے والا ہے۔
اَرَءَيۡتَ الَّذِىۡ يُكَذِّبُ بِالدِّيۡنِؕ ‏۱	تم نے دیکھا اس شخص کو! جو آخرت کی جزاوسزا کو جُھٹلاتا ہے؟
فَذٰلِكَ الَّذِىۡ يَدُعُّ الۡيَتِيۡمَۙ ‏۲	وہی تو ہے جو یتیم کو دھکے دیتا ہے،
وَلَا يَحُضُّ عَلٰى طَعَامِ الۡمِسۡكِيۡنِؕ ‏۳	اور مسکین کو کھلانے کے لئے (لوگوں کو) ترغیب نہیں دلاتا ۔
فَوَيۡلٌ لِّلۡمُصَلِّيۡنَۙ ‏۴	تو تباہی ہے اُن نمازیوں کے لئے۔
الَّذِيۡنَ هُمۡ عَنۡ صَلَاتِهِمۡ سَاهُوۡنَۙ ‏۵	جو اپنی نماز سے غفلت برتتے ہیں۔
الَّذِيۡنَ هُمۡ يُرَآءُوۡنَۙ ‏۶	جو ریاکاری کرتے ہیں
وَيَمۡنَعُوۡنَ الۡمَاعُوۡنَ ‏۷	اور معمولی ضرورت کی چیزیں (لوگوں کو) دینے سے بھی گریز کرتے ہیں۔

بچوں! اس سورہ اور اس کے معنیٰ کو حفظ کرو اور معنیٰ میں خوب غور وفکر کرو اور اپنے الفاظ میں مندرجہ ذیل سوالات کے جوابات لکھو:

1) روز جزا کو جھٹلانے والے کون ہیں؟

2) کن نمازیوں کے لئے خرابی ہے؟

سبق 11: سورۃ التکاثر

آیت	ترجمہ
بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ	اللہ کے نام سے شروع جو بڑا مہربان، نہایت رحم کرنے والا ہے۔
اَلۡہٰکُمُ التَّکَاثُرُ ۙ﴿۱﴾	لوگو! تم کو زیادہ سے زیادہ مال سمیٹنے کی خواہش نے غفلت میں ڈالے رکھا۔
حَتّٰی زُرۡتُمُ الۡمَقَابِرَ ؕ﴿۲﴾	یہاں تک کہ تم نے قبریں جا دیکھیں۔
کَلَّا سَوۡفَ تَعۡلَمُوۡنَ ۙ﴿۳﴾	دیکھو تمہیں عنقریب معلوم ہو جائے گا۔
ثُمَّ کَلَّا سَوۡفَ تَعۡلَمُوۡنَ ؕ﴿۴﴾	پھر دیکھو تمہیں عنقریب معلوم ہو جائے گا۔
کَلَّا لَوۡ تَعۡلَمُوۡنَ عِلۡمَ الۡیَقِیۡنِ ؕ﴿۵﴾	دیکھو اگر تم جانتے علم یقین کو (تو غفلت میں نہ پڑتے۔)
لَتَرَوُنَّ الۡجَحِیۡمَ ۙ﴿۶﴾	تم ضرور دوزخ کو دیکھو گے۔
ثُمَّ لَتَرَوُنَّہَا عَیۡنَ الۡیَقِیۡنِ ۙ﴿۷﴾	پھر تم اسکو یقین کی آنکھ سے دیکھ لو گے۔
ثُمَّ لَتُسۡـَٔلُنَّ یَوۡمَئِذٍ عَنِ النَّعِیۡمِ ٪﴿۸﴾	پھر اس روز تم سے شکر نعمت کے بارے میں ضرور پوچھا جائے گا؟

بچوں! اس سورہ اور اس کے معنٰی کو حفظ کرو اور معنٰی میں خوب غور و فکر کرو اور اپنے الفاظ میں مندرجہ ذیل سوال کے جواب لکھو:

1) اس سورہ سے تم نے کیا سبق حاصل کیا؟

سبق 12: سورۃ الھمزۃ

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ	اللہ کے نام سے شروع جو بڑا مہربان، نہایت رحم کرنے والا ہے۔
وَیۡلٌ لِّکُلِّ ہُمَزَۃٍ لُّمَزَۃِۣ ۙ﴿۱﴾	ہر غیبت کرنے والے، طعنے دینے والے کی خرابی ہے۔
الَّذِیۡ جَمَعَ مَالًا وَّ عَدَّدَہٗ ۙ﴿۲﴾	جو مال جمع کرتا ہے اور اسکو گن گن کر رکھتا ہے۔
یَحۡسَبُ اَنَّ مَالَہٗۤ اَخۡلَدَہٗ ۚ﴿۳﴾	وہ خیال کرتا ہے کہ اس کا مال اسکی ہمیشہ کی زندگی کا موجب ہو گا۔
کَلَّا لَیُنۡۢبَذَنَّ فِی الۡحُطَمَۃِ ۫﴿۴﴾	ہر گز نہیں وہ ضرور حطمہ میں جھونک دیا جائے گا۔

وَمَآ اَدْرٰىكَ مَا الْحُطَمَةُ ﴿۵﴾	اور تم کیا سمجھے کہ حطمہ کیا ہے۔
نَارُ اللّٰهِ الْمُوْقَدَةُ ﴿۶﴾	وہ اللہ کی بھڑکائی ہوئی آگ ہے۔
الَّتِىْ تَطَّلِعُ عَلَى الْاَفْـِٕدَةِ ﴿۷﴾	جو دلوں تک جا پہنچے گی۔
اِنَّهَا عَلَيْهِمْ مُّؤْصَدَةٌ ﴿۸﴾	بیشک وہ اس میں بند کر دیئے جائیں گے۔
فِىْ عَمَدٍ مُّمَدَّدَةٍ ﴿۹﴾	یعنی آگ کے لمبے لمبے ستونوں میں۔

بچوں! اس سورہ اور اس کے معنٰی کو حفظ کرو اور معنٰی میں خوب غور و فکر کرو اور اپنے الفاظ میں مندرجہ ذیل سوال کے جواب لکھو:

1) حطمہ کیا ہے اور اس میں کن لوگوں کو ڈالا جائے گا؟

سبق 13: سورۃ الزلزال

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ	اللہ کے نام سے شروع جو بڑا مہربان، نہایت رحم کرنے والا ہے۔
اِذَا زُلْزِلَتِ الْاَرْضُ زِلْزَالَهَا ﴿۱﴾	جب زمین اپنی پوری شدّت کے ساتھ ہلا ڈالی جائے گی،

وَ اَخۡرَجَتِ الۡاَرۡضُ اَثۡقَالَهَا ۙ﴿۲﴾	اور زمین اپنے اندر کے سارے بوجھ نکال کر باہر ڈال دے گی،
وَ قَالَ الۡاِنۡسَانُ مَا لَهَا ۚ﴿۳﴾	اور انسان کہے گا (پکار اٹھے گا) کہ یہ اس کو کیا ہو رہا ہے؟
یَوۡمَئِذٍ تُحَدِّثُ اَخۡبَارَهَا ۙ﴿۴﴾	اُس روز وہ اپنے (اوپر گزرے ہوئے) حالات بیان کرے گی،
بِاَنَّ رَبَّكَ اَوۡحٰی لَهَا ؕ﴿۵﴾	کیونکہ تیرے رب نے اسے (ایسا کرنے کا) حکم دیا ہو گا۔
یَوۡمَئِذٍ یَّصۡدُرُ النَّاسُ اَشۡتَاتًا ۬ۙ لِّیُرَوۡا اَعۡمَالَهُمۡ ؕ﴿۶﴾	اُس روز لوگ متفرق حالت میں پلٹیں گے تاکہ اُن کے اعمال اُن کو دکھائے جائیں۔
فَمَنۡ یَّعۡمَلۡ مِثۡقَالَ ذَرَّةٍ خَیۡرًا یَّرَهٗ ؕ﴿۷﴾	پھر جس نے ذرّہ برابر بھی نیکی کی ہو گی وہ اس کو دیکھ لے گا،
وَ مَنۡ یَّعۡمَلۡ مِثۡقَالَ ذَرَّةٍ شَرًّا یَّرَهٗ ٪﴿۸﴾	اور جس نے ذرّہ برابر بھی بدی کی ہو گی وہ اس کو دیکھ لے گا۔

بچوں! اس سورہ اور اس کے معنٰی کو حفظ کرو اور معنٰی میں خوب غور و فکر کرو اور اپنے الفاظ میں اس سورہ کا خلاصہ لکھو۔

سبق 14: سورۃ القارعۃ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ	اللہ کے نام سے شروع جو بڑا مہربان، نہایت رحم کرنے والا ہے۔
اَلْقَارِعَةُ ۙ۝۱	عظیم حادثہ ! (کھٹکھٹانے والی !)
مَا الْقَارِعَةُ ۚ۝۲	کیا ہے وہ عظیم حادثہ (کھٹکھٹانے والی) ؟
وَمَآ اَدْرٰىكَ مَا الْقَارِعَةُ ۭ۝۳	تم کیا جانو کہ وہ عظیم حادثہ (کھٹکھٹانے والی) کیا ہے؟
يَوْمَ يَكُوْنُ النَّاسُ كَالْفَرَاشِ الْمَبْثُوْثِ ۙ۝۴	وہ دِن جب لوگ بکھرے ہوئے پروانوں کی طرح
وَتَكُوْنُ الْجِبَالُ كَالْعِهْنِ الْمَنْفُوْشِ ۭ۝۵	اور پہاڑ رنگ برنگ کے دُھنکے ہوئے اُون کی طرح ہوں گے۔
فَاَمَّا مَنْ ثَقُلَتْ مَوَازِيْنُهٗ ۙ۝۶	پھر جس کے پلڑے بھاری ہوں گے (جس کا اچھا عمل وزن دار ہو گا)
فَهُوَ فِيْ عِيْشَةٍ رَّاضِيَةٍ ۭ۝۷	وہ دل پسند عیش میں ہو گا،
وَاَمَّا مَنْ خَفَّتْ مَوَازِيْنُهٗ ۙ۝۸	اور جس کے پلڑے ہلکے ہوں گے،

فَاُمُّهٗ هَاوِيَةٌ ؕ﴿۹﴾	اس کی جائے قرار گہری کھائی ہو گی۔
وَمَآ اَدْرٰىكَ مَا هِيَهْ ؕ﴿۱۰﴾	اور تمھیں کیا خبر کہ وہ کیا چیز ہے؟
نَارٌ حَامِيَةٌ ؒ﴿۱۱﴾	بھڑکتی ہوئی آگ۔

بچوں! اس سورہ اور اس کے معنٰی کو حفظ کرو اور معنٰی میں خوب غور و فکر کرو اور اپنے الفاظ میں مندرجہ ذیل سوال کے جواب لکھو:

1) اس سورہ میں کس بات کی تعلیم دی گئی ہے؟

سبق 15: سورۃ الضحیٰ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ	اللہ کے نام سے شروع جو بڑا مہربان، نہایت رحم کرنے والا ہے۔
وَالضُّحٰى ۙ﴿۱﴾	قسم ہے! روزِ روشن کی
وَالَّيْلِ اِذَا سَجٰى ۙ﴿۲﴾	اور رات کی! جبکہ وہ سکون کے ساتھ طاری ہو جائے
مَا وَدَّعَكَ رَبُّكَ وَمَا قَلٰى ؕ﴿۳﴾	(اے نبی ﷺ) تمہارے ربّ نے تم کو ہر گز نہیں چھوڑا! اور نہ وہ

	ناراض ہوا۔
وَ لَلۡاٰخِرَةُ خَيۡرٌ لَّكَ مِنَ الۡاُوۡلٰى ؕ﴿۴﴾	یقیناً تمہارے لیے بعد کا دور پہلے دور سے بہتر ہے،
وَ لَسَوۡفَ يُعۡطِيۡكَ رَبُّكَ فَتَرۡضٰى ؕ﴿۵﴾	اور عنقریب تمہارا رب تم کو اتنا دے گا کہ تم خوش ہو جاؤ گے۔
اَلَمۡ يَجِدۡكَ يَتِيۡمًا فَاٰوٰى ﴿۶﴾	کیا اُس نے تم کو یتیم نہیں پایا اور پھر ٹھکانہ فراہم کیا؟
وَ وَجَدَكَ ضَآلًّا فَهَدٰى ﴿۷﴾ ۖ	اور تم کو ناواقفِ راہ پایا تو ہدایت دی۔
وَ وَجَدَكَ عَآئِلًا فَاَغۡنٰى ؕ﴿۸﴾	اور تمہیں نادار پایا، تو بے نیاز کر دیا۔
فَاَمَّا الۡيَتِيۡمَ فَلَا تَقۡهَرۡ ؕ﴿۹﴾	لہٰذا! یتیم پر سختی نہ کرو!
وَ اَمَّا السَّآئِلَ فَلَا تَنۡهَرۡ ؕ﴿۱۰﴾	اور سائل کو نہ جھڑکو!
وَ اَمَّا بِنِعۡمَةِ رَبِّكَ فَحَدِّثۡ ﴿۱۱﴾ ع	اور اپنے ربّ کی نعمت کا اظہار کرو۔

بچوں! اس سورہ اور اس کے معنیٰ کو حفظ کرو اور معنیٰ میں خوب غور و فکر کرو اور اپنے الفاظ میں مندرجہ ذیل سوال کے جواب لکھو:

1) اس سورہ میں کن کن باتوں کا حکم دیا گیا ہے؟

سبق16: سورۃالانشراح

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ	اللہ کے نام سے شروع جو بڑامہربان، نہایت رحم کرنے والا ہے۔
اَلَمۡ نَشۡرَحۡ لَکَ صَدۡرَکَ ۙ﴿۱﴾	اے نبی ﷺ کیا ہم نے تمہارے لئے تمہارا سینہ کھول نہیں دیا۔
وَ وَضَعۡنَا عَنۡکَ وِزۡرَکَ ۙ﴿۲﴾	اور تم پر سے تمہارا وہ بوجھ بھی اتار دیا۔
الَّذِیۡۤ اَنۡقَضَ ظَہۡرَکَ ۙ﴿۳﴾	جس نے تمہاری کمر جھکادی تھی۔
وَ رَفَعۡنَا لَکَ ذِکۡرَکَ ؕ﴿۴﴾	اور ہم نے تمہاری خاطر تمہارا ذکر بلند کیا۔
فَاِنَّ مَعَ الۡعُسۡرِ یُسۡرًا ۙ﴿۵﴾	سو یقیناً مشکل کے ساتھ آسانی بھی ہے۔
اِنَّ مَعَ الۡعُسۡرِ یُسۡرًا ؕ﴿۶﴾	بیشک مشکل کے ساتھ آسانی بھی ہے۔
فَاِذَا فَرَغۡتَ فَانۡصَبۡ ۙ﴿۷﴾	سو جب تم فارغ ہوا کرو تو عبادت میں محنت کیا کرو۔
وَ اِلٰی رَبِّکَ فَارۡغَبۡ ٪﴿۸﴾	اور اپنے رب کی طرف متوجہ ہوا کرو۔

بچوں! اس سورہ اوراس کے معنٰی کو حفظ کرو اور معنٰی میں خوب غور و فکر کرو اور اپنے الفاظ میں مندرجہ ذیل سوال کے جواب لکھو:

1) اس سورہ میں کن کن باتوں کی تعلیم دی گئی ہے؟

سبق 17: سورۃ التین

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ	اللہ کے نام سے شروع جو بڑا مہربان، نہایت رحم کرنے والا ہے۔
وَالتِّيْنِ وَالزَّيْتُوْنِ ﴿١﴾	قسم ہے! انجیر اور زیتون کی۔ (شاہد ہے جبلِ تین اور کوہِ زیتون)
وَطُوْرِ سِيْنِيْنَ ﴿٢﴾	اور طُورِ سینا کی! (اور طورِ سینین)
وَهٰذَا الْبَلَدِ الْاَمِيْنِ ﴿٣﴾	اور اِس پُر امن شہر (مکّہ) کی۔
لَقَدْ خَلَقْنَا الْاِنْسَانَ فِيْٓ اَحْسَنِ تَقْوِيْمٍ ﴿٤﴾	ہم نے انسان کو بہترین ساخت پر پیدا کیا،
ثُمَّ رَدَدْنٰهُ اَسْفَلَ سٰفِلِيْنَ ﴿٥﴾	پھر اسے پھیر کر ہم نے سب سے نیچا

	کر دیا،
اِلَّا الَّذِیۡنَ اٰمَنُوۡا وَ عَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ فَلَهُمۡ اَجۡرٌ غَیۡرُ مَمۡنُوۡنٍ ؕ﴿۶﴾	سوائے اُن لوگوں کے جو ایمان لائے اور نیک عمل کرتے رہے کہ اُن کے لیے کبھی ختم نہ ہونے والا اجر ہے۔
فَمَا یُكَذِّبُكَ بَعۡدُ بِالدِّیۡنِ ؕ﴿۷﴾	پس (اے نبیؐ) ! اس کے بعد کون جزا و سزا کے معاملے میں تم کو جھٹلا سکتا ہے؟
اَلَیۡسَ اللّٰهُ بِاَحۡكَمِ الۡحٰكِمِیۡنَ ﴿۸﴾	کیا اللہ تعالیٰ سب سے بڑا حاکم نہیں ہے؟

بچوں! اس سورہ اور اس کے معنٰی کو حفظ کرو اور معنٰی میں خوب غور و فکر کرو اور اپنے الفاظ میں مندرجہ ذیل سوال کے جواب لکھو:

1) اس سورہ کا خلاصہ لکھو۔